Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

13 جولائی 2024

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا ہنگامی اجلاس

بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اور ان کی محترمہ اہلیہ کے خلاف واہیات ترین عدّت کیس کے فیصلے اور اس کے اثرات کے یک نکاتی ایجنڈے پر غور

- بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اور ان کی محترمہ اہلیہ کی بیہودہ عدّت مقدّمے میں برّیت کے فیصلے کو حق اور سچ کی فتح قرار
- توشہ خانہ، القادر ٹرسٹ اور سائفر کے بعد تاریخ کے سب سے غلیظ، غیر انسانی اور بیہودہ ترین مقدمے سے بریت کے بعد عمران خان اور ان کی اہلیہ محترمہ کی فی الفور رہائی کا مطالبہ

مینڈیٹ چور سرکار اور سفّاک ریاستی مشینری کی جانب سے تمام مقدمات میں برّیت کے باوجود عمران خان اور بشریٰ بی بی کو جبراً رہائی کے بنیادی قانونی حق سے محروم کرنے کی کوششوں کی شدید مذمت

- ظالموں، جھوٹوں، شر انگیزوں اور سازشیوں کے مذموم عزائم خاک میں ملانے اور عمران خان اور محترمہ بشریٰ بی بی کی بے گناہی دنیا پر آشکار کرنے پر اللہ رب العزت کے شکر گزار ہیں۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- مقدمات میں بریّت اور عدالتی احکامات کو ہوا میں اڑا کر عمران خان اور ان کی محترمہ اہلیہ کو جبراً قید میں رکھ کر مزید سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی تو ملک گیر مزاحمت کے سوا کسی اور آپشن کو خاطر میں نہیں لائیں گے۔
- ایک سال سے بدترین حالات میں بنیادی سہولیات سے محروم اور سزائے موت کی چکّی میں رہتے ہوئے عمران خان نے اشتعال انگیزی کی بجائے قانون و انصاف کا راستہ اختیار کرتے ہوئے عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹایا۔
- اب عدالت کی ذمہ داری ہے کہ ریاستی قباؤں میں ملک میں ادھم مچاتے وحشیوں کو قانون و انصاف کی لگام پہنائیں اور فردِ واحد کی آمریت لپیٹ کر دستور بحال کروائیں۔
- عمران خان کی 9 مئی کے جھوٹے مقدمات جبکہ بشریٰ بی بی کی توشہ خانہ مقدمے میں گرفتاری کی کوششیں کسی صورت گوارا نہیں کریں گے۔
- عمران خان اور بشریٰ بی بی کو انتقام کے شکنجے میں قید رکھنے کیلئے توشہ خانہ کو چوتھی مرتبہ بالکل غیر قانونی طریقے سے استعمال کیا جا رہا ہے۔
- بشریٰ بی بی کا توشہ خانہ، اس کے تحائف کی فہرست، تحائف کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم، اس پر واجب الادا ٹیکس یا اس حوالے سے کابینہ کے فیصلوں سے بالواسطہ یا براہِ راست کوئی تعلق نہیں۔

- قانون اور عدالتی تشریحات ایک ہی معاملے پر متعدد مقدمات کی ہرگز اجازت نہیں دیتے تاہم عمران خان اور ان کی اہلیہ کے معاملے میں ریاستی عناصر کسی قانون کو خاطر میں لانے کو تیار نہیں۔
- عوام کی نفرتوں کے حقدار مینڈیٹ چور اور ان کے سرپرست ریاستی قوت اور بندوق کے بل پر ملک کو محکومی و غلامی کی ڈگر پر چلانے اور اپنی راہ میں رکاوٹ بننے والے عمران خان کو جبراً اپنے انتقام کے نشانے پر رکھنا چاہتے ہیں۔
- عمران خان اور ان کی اہلیہ کو عدالتی حکم کے مطابق رہا نہ کیا گیا تو انصاف کے حصول کیلئے براہِ راست عوام کی عدالت سے رجوع کریں گے۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ